LGBTQIA+ لوگ اور کینسر: اردو
Urdu : LGBTQIA+ people and cancer

یہ معلومات کینسر میں مبتلاء LGBTQIA+ افراد کے لیے ہے۔

LGBTQIA+ کا مطلب لیزبین، گے، بائی سیکسول، ٹرانس جینڈر، کوئیر، انٹرسیکس اور ایسیکسوئل افراد ہیں۔ اس میں دیگر رومانوی یا جنسی کشش اور صنفی شناختیں بھی شامل ہے۔

اگر آپ LGBTQIA+ ہیں، تو آپ کے کینسر اور کینسر کے علاج کے حوالے سے آپ کے کچھ سوالات ہو سکتے ہیں۔ ہو سکتا ہے کہ آپ کو کوئی ایسی مخصوص معاونت چاہیے ہو، جو کینسر میں مبتلاء LGBTQIA+ لوگوں کے لیے ہو سکتی ہو۔

اگر آپ کے اس معلومات کے حوالے سے کوئی سوالات ہیں تو، اپنی کینسر ٹیم سے اس ہسپتال میں پوچھیں جہاں آپ کا علاج ہو رہا ہے۔

آپ مفت فون **0808 808 00 00** پر بھی میک ملن کینسر سپورٹ (Macmillan Cancer Support) کو کال کر سکتے ہیں، ہفتے کے 7 دن صبح 8 سے رات 8 بجے تک۔ ہمارے پاس ترجمان (انٹرپریٹرز) موجود ہیں، لہٰذا آپ ہم سے اپنی زبان میں بات کر سکتے ہیں۔ جب آپ ہمیں کال کریں، تو براہ کرم ہمیں انگریزی میں بتائیں کہ آپ کو کون سی زبان درکار ہے۔

اس زبان میں کینسر کی مزید معلومات ہماری ویب سائٹ پر موجود ہیں۔ ملاحظہ کریں **macmillan.org.uk/translations**

آپ یہ معلومات انگریزی میں بھی پڑھ سکتے ہیں۔

یہ معلومات درج ذیل کے متعلق ہیں:

- اپنی نگہداشت صحت کی ٹیم سے بات کرنا
- منصفانہ علاج کا حصول
- کینسر، جنسی عمل اور تولیدی صلاحیت
- اگر آپ ٹرانس جینڈر، نان بائنری یا انٹرسیکس ہیں تو کینسر
- LGBTQIA+ کینسر اور آپ کی کمیونٹی
- اپنے لیے درست دیکھ بھال اور مدد حاصل کرنا
- میک ملن (Macmillan) آپ کی کس طرح مدد کر سکتا ہے
- آپ کی زبان میں مزید معلومات
- حوالہ جات اور تشکرات

اپنی نگہداشت صحت کی ٹیم سے بات کرنا

آپ کی نگہداشت صحت کی ٹیم میں وہ لوگ شامل ہوتے ہیں جو آپ کا علاج کرتے ہیں یا آپ کی صحت کے متعلق آپ کو مشورہ دیتے ہیں۔ یہ آپ کا جی پی (GP) ، کینسر ڈاکٹر یا نرسیں بھی ہو سکتی ہیں۔

بعض اوقات آپ کی نگہداشت صحت کی ٹیم کا کوئی شخص آپ سے درج ذیل کے بارے میں بھی پوچھ سکتا ہے:

- آپ کی جنس – اس کا مطلب ہے کہ آیا آپ ایک مرد ہیں، عورت ہیں یا کوئی دوسری جنسی شناخت رکھتے ہیں
- آپ کی جنس یا تولیدی اعضاء
- آپ کی جنسی زندگی یا جنسی رجحان
- آپ کے تعلقات اور آپ کے لیے کون اہم ہے۔

یہ معلومات آپ کی نگہداشت صحت کی ٹیم کو آپ کی معاونت کرنے میں مدد دے سکتی ہیں۔ اس معلومات سے انہیں درج ذیل میں مدد ملتی ہے:

- آپ کو صحت کی درست معلومات دینا
- آپ کی ذاتی ضروریات کے مطابق آپ کا علاج کرنا
- ان لوگوں کی معاونت کرنا جو آپ کے لیے اہم ہیں۔

اگر آپ یقینی نہ ہوں کہ آپ کی نگہداشت صحت کی ٹیم کو یہ معلومات کیوں درکار ہیں، تو ان سے پوچھ لیں۔ وہ آپ کو بتا سکتے ہیں کہ آپ کی معاونت یا علاج کے لیے یہ معلومات کیوں ضروری ہے۔

کیا میں اپنی نگہداشت صحت کی ٹیم کو بتا سکتا/سکتی ہوں کہ میں LGBTQIA+ ہوں؟

اگر آپ اپنی نگہداشت صحت کی ٹیم کو بتانا چاہتے ہوں، تو آپ انہیں بتا سکتے ہیں کہ آپ LGBTQIA+ ہیں، چاہے انہوں نے نہ بھی پوچھا ہو۔

جب آپ پہلی بار اپنی ٹیم کے کسی رکن سے ملیں گے، تو اس وقت آپ ایسا کرنے کا انتخاب کر سکتے ہیں۔ یا آپ اس وقت تک انتظار کرنے کا فیصلہ کر سکتے ہیں جب تک کہ آپ کو کوئی ایسا شخص نہ مل جائے جس کے ساتھ آپ آرام دہ محسوس کریں۔

نگہداشت صحت کے بعض ماہرین این ایچ ایس (NHS) رین بو بیج بھی پہنتے ہیں۔ اس کا مطلب ہے کہ یہ پہننے والا شخص LGBTQIA+ لوگوں کی معاونت کرتا ہے۔ آپ کی نگہداشت صحت کی ٹیم میں موجود کچھ لوگ اس کے بجائے رین بو کی دوسری اشیاء بھی پہن سکتے ہیں۔ وہ LGBTQIA+ ہو سکتے ہیں یا وہ یہ دکھانا چاہتے ہیں کہ وہ LGBTQIA+ لوگوں کی حمایت کرتے ہیں۔

مجھے اپنی نگہداشت صحت کی ٹیم کو مزید کیا بتانا چاہیے؟
آپ اپنی نگہداشت صحت کی ٹیم کو ایسا کچھ بھی بتا سکتے ہیں، جو آپ کے لیے اہم ہے۔ اس میں درج ذیل شامل ہو سکتا ہے:

- اگر آپ کا خاندان، کوئی دوست یا کوئی ساتھی ہے، جو آپ کی مدد کرتا ہے
- جن سے آپ اپنی دیکھ بھال کے بارے میں بات کرنے کی رضامندی دیتے ہیں
- آپ کو جن معلومات کی ضرورت ہے اور جن کی نہیں ہے۔

آپ وضاحت کرنا چاہیں گے کہ آیا آپ نے اپنی شناخت ظاہر کی ہے یا نہیں۔ اس کا مطلب ہے کہ آیا دوسرے لوگ جانتے ہیں کہ آپ LGBTQIA+ ہیں یا آپ اس بات کو راز میں رکھتے ہیں۔ آپ کی ٹیم کو آپ کے بارے میں تمام معلومات کو رازدارانہ رکھنا چاہیے۔ وہ نگہداشت صحت کے دیگر پیشہ ور افراد کے ساتھ معلومات کا اشتراک صرف تب کر سکتے ہیں جب آپ کی دیکھ بھال کے لیے ان کی ضرورت ہو۔

منصفانہ علاج کا حصول

آپ کی کینسر ٹیم کو آپ کے ساتھ منصفانہ سلوک کرنا چاہیے، چاہے آپ کوئی بھی ہوں۔ آپ کی نسل، ثقافت، جنسی رجحان، جنس یا اگر آپ ٹرانس جینڈر ہیں، کی وجہ سے آپ کے ساتھ غیر منصفانہ سلوک کرنا قانون کے خلاف ہے۔ یا مذہب کی وجہ سے یا اگر آپ کو کوئی معذوری ہو۔

اگر آپ کو لگتا ہے کہ آپ کے ساتھ کوئی غیر منصفانہ سلوک کیا جا رہا ہے، تو آپ یہ کر سکتے ہیں:

- اگر آپ ایسا کرنے میں محفوظ محسوس کرتے ہوں، تو اپنی کینسر ٹیم میں سے کسی سے بات کریں۔ اس سے آپ کی ٹیم کو چیزوں کو درست کرنے میں مدد مل سکتی ہے۔ اس سے انہیں سیکھنے اور بہتر دیکھ بھال فراہم کرنے میں بھی مدد ملتی ہے۔
- اپنے کسی بااعتماد شخص سے بات کریں۔ یہ آپ کا کوئی قریبی شخص ہو سکتا ہے یا نگہداشت صحت کا کوئی ایسا پیشہ ور ماہر بھی ہو سکتا ہے، جسے آپ اچھی طرح جانتے ہیں۔ ایسی تنظیمیں بھی موجود ہیں جن سے LGBTQIA+ لوگ معاونت کے لیے بات کر سکتے ہیں۔
- تاثرات دیں یا این ایچ ایس (NHS) کو شکایت کریں۔ اگر آپ چاہیں، تو اپنا نام بتائے بغیر بھی اپنی رائے اور شکایات سے آگاہ کر سکتے ہیں۔

کینسر، جنسی عمل اور تولیدی صلاحیت

کینسر اور اس کے بعض علاج درج ذیل کو متاثر کر سکتے ہیں:

- آپ کی جنسی زندگی – آپ کی ترجیحی جنسی نوعیت کے لحاظ سے کچھ ضمنی اثرات زیادہ پریشانی کا باعث بھی بن سکتے ہیں
- آپ کی تولیدی صلاحیت – اس کا مطلب ہے آپ کی حاملہ ہونے یا باپ بننے کی صلاحیت۔

آپ کا کینسر کا ڈاکٹر یا نرس آپ کو بتا سکتے ہیں کہ آیا آپ کے کینسر کے علاج کی وجہ سے آپ کے لیے جنسی ضمنی اثرات یا تولیدی صلاحیت کے کوئی مسائل پیدا ہو سکتے ہیں یا نہیں۔ آپ ان سے کینسر کے علاج سے پہلے، اس کے دوران یا بعد میں بھی اپنے جنسی عمل یا تولیدی صلاحیت کے بارے میں کوئی بھی سوال پوچھ سکتے ہیں۔

اگر آپ ٹرانس جینڈر، نان بائنری یا انٹرسیکس ہوں، تو کینسر کی دیکھ بھال

آپ کی کینسر ٹیم کو آپ کو ایسی دیکھ بھال، معاونت اور معلومات پیش کرنی چاہیے، جو آپ کی ضروریات کو پورا کرتی ہوں۔ انہیں آپ کے ساتھ انفرادی طور پر سلوک کرنا چاہیے اور آپ کے ساتھ اس طرح کام کرنا چاہیے جو آپ کی رازداری اور وقار کا احترام کرے۔

آپ کی ٹیم کو آپ کے بارے میں تمام معلومات کو ہمیشہ رازدارانہ رکھنا چاہیے۔ وہ نگہداشت صحت کے دیگر پیشہ ور افراد کے ساتھ معلومات کا اشتراک کر سکتے ہیں، لیکن صرف تب جب آپ کی دیکھ بھال کے لیے ان کی ضرورت ہو۔

اگر آپ کو ہسپتال میں رہنے کی ضرورت ہوئی، تو آپ کی ٹیم کو پوچھنا چاہیے کہ آپ کہاں قیام کرنا پسند کرتے ہیں۔ آپ جہاں قیام کرتے ہیں، وہاں پر آپ کو رازداری اور تحفظ فراہم کیا جانا چاہیے۔ اپنی ٹیم کو بتائیں کہ آپ کو کیا مناسب اور آرام دہ محسوس ہوتا ہے۔

اگر آپ ٹرانس یا نان بائنری ہیں

آپ کی کینسر ٹیم کے لیے یہ جاننا مددگار ہو سکتا ہے کہ پیدائش کے وقت آپ کو کون سی جنس تفویض کی گئی تھی۔ کبھی کبھار یہ اہم ہو سکتا ہے۔ مثال کے طور پر، حمل کے دوران کچھ اسکین کا استعمال نہیں کرنا چاہیے اور یہ نقصان دہ ہو سکتا ہے۔ اگر آپ کے این ایچ ایس (NHS) ریکارڈ پر درج شدہ جنس مرد ہے اور اس بات کا امکان ہے کہ آپ حاملہ ہو سکتی ہیں، تو یہ ضروری ہے کہ اسکین کرنے والا شخص آپ کو محفوظ رکھنے کے لیے اس بات سے آگاہ ہو۔

صنف کی توثیق کرنے والے کچھ ایسے علاج بھی ہیں جو کینسر کے علاج کو متاثر کر سکتے ہیں۔
اپنی کینسر ٹیم کو بتانا ضروری ہے کہ آیا آپ نے درج ذیل میں سے کچھ کروایا ہے یا کروانے کا ارادہ رکھتے ہیں:

- ہارمون کی دوائیں جو آپ کے جسم کو زیادہ مردانہ یا زنانہ بناتی ہیں
- عضو تناسل یا اندام نہانی بنانے کی سرجری (جنیٹل سرجری)
- چھاتیوں کو ہٹانے کی سرجری۔ اسے ٹاپ سرجری یا مردانہ سینے کی تعمیر نو کہا جاتا ہے۔

اگر آپ کی کینسر ٹیم کو اس بارے میں مشورے کی ضرورت ہو کہ آپ کی کینسر کی دیکھ بھال، آپ کی صنف کی توثیق کرنے والی دیکھ بھال کو کیسے متاثر کر سکتی ہے، تو **یوکے کینسر اینڈ ٹرانزیشن سروس (UCATS)** مدد کر سکتی ہے۔ UCATS ایک مفت سروس ہے جو این ایچ ایس (NHS) کے پیشہ ور افراد کی طرف سے UK میں کہیں بھی لوگوں کے لیے فراہم کی جاتی ہے۔ آپ کی کینسر ٹیم کو UCATS سے رابطہ کرنے سے پہلے آپ سے اجازت لینی چاہیے۔ آپ خود بھی UCATS سے رابطہ کر سکتے ہیں۔

گر آپ انٹرسیکس ہیں

انٹرسیکس ہونا نگہداشت صحت کو مشکل بنا سکتا ہے۔ ماضی میں آپ کے ایسے علاج ہو سکتے ہیں جو آپ نہیں چاہتے تھے۔ یہ اس بات کو متاثر کر سکتا ہے کہ اب آپ ہسپتالوں اور ڈاکٹروں کے بارے میں کیسا محسوس کرتے ہیں۔

یہ ضروری ہے کہ آپ کی کینسر کی ٹیم یہ بات سمجھ سکے۔ انہیں آپ کی دیکھ بھال کی منصوبہ بندی کرنے کے لیے آپ کے ساتھ مل کر کام کرنا چاہیے۔ انہیں آپ کے جسم کو سمجھنے کی بھی ضرورت ہے۔ اگر آپ کی ماضی میں انٹرسیکس حالت کے لیے سرجری یا ہارمون کا علاج ہوا ہے، تو یہ کینسر کی اس دیکھ بھال کو متاثر کر سکتا ہے جس کی آپ کو اب ضرورت ہے۔

آپ اپنی ٹیم کو درج ذیل بتا کر ان کی مدد کر سکتے ہیں:

- آپ اپنے جسم کو بیان کرنے کے لیے کون سے الفاظ استعمال کرتے ہیں
- اگر ایسے الفاظ یا سوالات ہوں، جو آپ کو پریشان کن لگتے ہیں
- کوئی بھی چیز جو آپ کے لیے نگہداشت صحت کو مشکل بناتی ہے
- وہ آپ کے لیے چیزوں کو کیسے آسان بنا سکتے ہیں۔

LGBTQIA+، کینسر اور آپ کی کمیونٹی

خاندان اور کمیونٹی آپ کی معاونت کا ایک اہم ذریعہ ہو سکتے ہیں۔ لیکن کچھ LGBTQIA+ لوگوں کے لیے، یہ پیچیدہ ہو سکتا ہے۔ آپ کا خاندان یا کمیونٹی کا LGBTQIA+ افراد یا کینسر کے بارے میں رویہ اس بات پر اثر انداز ہو سکتا ہے کہ آپ کے لیے مدد طلب کرنا کتنا آسان ہے۔

ہو سکتا ہے کہ آپ کے آس پاس کے لوگوں کو اس بات کا احساس نہ ہو کہ وہ آپ کو کیسے متاثر کر رہے ہیں۔ مثال کے طور پر، کچھ خاندان یا کمیونٹیز کینسر کے بارے میں بات نہیں کرتے۔ ایک ان کہی سوچ ہے کہ کینسر نجی ہے یا اس کے بارے میں بات نہیں کی جانی چاہیے۔ یہ اس بارے میں بات کرنا مشکل بنا سکتا ہے کہ آپ کے ساتھ کیا ہو رہا ہے یا جب آپ کو ضرورت ہو تو مدد طلب کرنا۔

اگر آپ کو معاونت حاصل کرنے میں مشکلات کا سامنا ہو یا آپ کے ساتھ منفی سلوک کیا جا رہا ہو، تو کسی ایسے شخص سے بات کرنے کی کوشش کریں جس پر آپ بھروسہ کرتے ہوں۔ یہ کوئی دوست، ساتھی، کوئی ایسا شخص ہو سکتا ہے جس کے ساتھ آپ کام کرتے ہیں یا کوئی LGBTQIA+ سپورٹ گروپ ہو سکتا ہے۔ اگرکسی مشیر سے بات کرنا معاون ہو سکتا ہو، تو آپ ایسا بھی کر سکتے ہیں۔ اپنے جی پی (GP)، کینسر کے ڈاکٹر یا نرس سے پوچھیں کہ کیا وہ اس کا بندوبست کر سکتے ہیں۔ یا معلومات اور معاونت کے لیے ہماری مفت اسپورٹ لائن کو **0808 808 00 00** پر کال کریں۔

اپنے لیے درست دیکھ بھال اور مدد حاصل کرنا

اگر آپ کو کینسر ہے اور آپ انگریزی نہیں بول سکتے، تو آپ فکرمند ہو سکتے ہیں کہ اس سے آپ کے کینسر کے علاج اور دیکھ بھال پر اثر پڑے گا۔ مگر آپ کی نگہداشت صحت کی ٹیم آپ کو ایسی دیکھ بھال، معاونت اور معلومات فراہم کرے گی جن سے آپ کی ضروریات پوری ہوتی ہوں۔

ہم جانتے ہیں کہ بعض اوقات لوگوں کو درست معاونت حاصل کرنے میں زیادہ مشکلات ہو سکتی ہیں۔ مثلاً، اگر آپ کام کرتے ہیں یا آپ کا خاندان ہے، تو آپ کو مالی اخراجات اور نقل و حمل کے خرچے سے متعلق بھی تشویش ہو سکتی ہے۔ یہ تمام چیزیں تناؤ پیدا کر سکتی ہیں اور ان سے نمٹنا مشکل ہو سکتا ہے۔

میک ملن (Macmillan) آپ کی کس طرح مدد کر سکتا ہے

میک ملن (Macmillan) میں، ہم جانتے ہیں کہ کینسر کی تشخیص کیسے ہر چیز کو متاثر کر سکتی ہے اور ہم آپ کی معاونت کے لیے یہاں موجود ہیں۔

میک ملن (Macmillan) سپورٹ لائن

ہمارے پاس ترجمان (انٹرپریٹرز) موجود ہیں، لہٰذا آپ ہمارے ساتھ اپنی زبان میں بات کر سکتے/سکتی ہیں۔ آپ جو زبان استعمال کرنا چاہتے ہیں، ہمیں بس اس کا نام انگریزی میں بتائیں۔

میک ملن (Macmillan) سپورٹ لائن پر ہمارے ماہر مشیر طبی سوالات کے حوالے سے آپ کی مدد کر سکتے ہیں یا اگر آپ کو بات کرنے کے لیے کسی کی ضرورت ہے، تو آپ کو سن کر مدد کر سکتے ہیں۔ ہم بھی آپ کے ساتھ آپ کی مالی تشویشات کے متعلق بات کر سکتے ہیں اور دیگر ایسی مفید تنظیموں کی سفارش کر سکتے ہیں، جو مدد کر سکتی ہیں۔ مفت، رازدارانہ فون لائن ہفتہ کے 7 دن، صبح 8 سے شام 8 بجے تک کھلی ہوتی ہے۔ ہمیں اس نمبر پر کال کریں: **0808 808 00 00**

میک ملن (Macmillan) کی ویب سائٹ
ہماری ویب سائٹ پر کینسر کے بارے میں انگریزی میں بہت سی معلومات موجود ہیں۔ یہاں دیگر زبانوں میں بھی مزید معلومات دستیاب ہیں: **macmillan.org.uk/translations**

ہو سکتا ہے کہ ہم آپ کے لیے ترجمے کا انتظام بھی کر سکیں۔ ہمیں **informationproductionteam@macmillan.org.uk** پر ای میل کر کے اپنی ضرورت بتائیں۔

معلوماتی مراکز
ہمارے انفارمیشن اور سپورٹ سینٹرز ہسپتالوں، لائبریریوں اور موبائل سنٹرز میں قائم ہیں۔ آپ کو درکار معلومات حاصل کرنے اور کسی سے رو بہ رو بات کرنے کے لیے ان میں سے کسی کا وزٹ کریں۔ اپنا قریب ترین مرکز **macmillan.org.uk/informationcentres** پر تلاش کریں یا ہمیں اس نمبر پر کال کریں: **0808 808 00 00**

مقامی سپورٹ گروپس
معاونت کے کسی گروپ میں، آپ کینسر سے متاثرہ دیگر افراد سے بات چیت کر سکتے ہیں۔ اپنے علاقے میں معاونتی گروپس کے متعلق مزید جاننے کے لیے ملاحظہ کریں: **macmillan.org.uk/supportgroups** یا ہمیں اس نمبر پر کال کریں: **0808 808 00 00**

میک ملن (Macmillan) آن لائن کمیونٹی
آپ کینسر سے متاثرہ دیگر لوگوں سے یہاں پر آن لائن بھی بات کر سکتے/سکتی ہیں: **macmillan.org.uk/community**

آپ دن یا رات میں کسی بھی وقت رسائی حاصل کر سکتے ہیں۔ آپ اپنے تجربات شیئر کر سکتے، سوالات پوچھ سکتے یا صرف لوگوں کی پوسٹس بھی پڑھ سکتے ہیں۔

آپ کی زبان میں مزید معلومات

ہمارے پاس ان موضوعات کے متعلق آپ کی زبان میں معلومات موجود ہیں:

کینسر کی نشانیاں اور علامات

- نشانیوں اور علامات والے کارڈز

اگر آپ کو کینسر کی تشخیص ہوئی ہے

- یوکے میں کینسر کیئر
- پناہ گزینوں اور پناہ کے متلاشی افراد کے لیے نگہداشت صحت
- اگر آپ کو کینسر کی تشخیص ہوئی ہے

کینسر کی اقسام

- آنت کا کینسر
- چھاتی کا کینسر
- رحم کے منہ کا کینسر
- پھیپھڑے کا کینسر
- پروسٹیٹ کا کینسر

کینسر کا علاج

- کیمو تھراپی
- ریڈیو تھراپی
- عفونت اور کینسر
- کینسر کے علاج کے ضمنی اثرات
- سرجری

کینسر کے ساتھ رہنا

- کینسر ہونے کی صورت میں فوائد کے لیے دعویٰ کرنا
- کھانے پینے کے مسائل اور کینسر
- صحت بخش غذا
- کینسر ہونے کی صورت میں اخراجات میں مدد
- LGBTQIA+ لوگ اور کینسر
- تھکاوٹ (تھکن) اور کینسر

زندگی کا اختتام

- زندگی کا اختتام

ان معلومات کو دیکھنے کے لیے **macmillan.org.uk/translations** پر جائیں
معلومات کو سمجھنے میں مزید معاونت کے لیے ملاحظہ کریں:
macmillan.org.uk/understandinginformation

حوالہ جات اور تشکرات

یہ معلومات میک ملن کینسر سپورٹ کی کینسر انفارمیشن ڈیولپمنٹ ٹیم نے تحریر اور مدون کی ہیں۔ اس کا پیشہ ورانہ طور پر ترجمہ کیا گیا ہے۔

شامل شدہ معلومات ہماری ویب سائٹ پر انگریزی میں دستیاب ہمارے LGBTQIA+ لوگوں اور کینسر سے متعلق مواد پر مبنی ہیں۔

اس معلومات کا متعلقہ ماہرین نے جائزہ لیا ہے اور میک ملن (Macmillan) کے سینٹر آف کلینیکل ایکسپرٹیز کے اراکین نے اس کی منظوری دی ہے۔

کینسر سے متاثرہ ان لوگوں کا بھی شکریہ جنہوں نے ان معلومات کا جائزہ لیا۔

ہماری تمام معلومات دستیاب شدہ بہترین شواہد کی بنیاد پر ہیں۔ ہمارے استعمال کردہ ذرائع کے بارے میں مزید جاننے کے لیے ہم سے informationproductionteam@macmillan.org.uk پر رابطہ کریں

مواد پر نظرثانی: 2025

اگلی منصوبہ بند نظر ثانی: 2028

MAC18794_Urdu_E02

ہم یہ یقینی بنانے کی ہر ممکن کوشش کرتے ہیں کہ ہم جو معلومات فراہم کریں وہ درست اور تازہ ترین ہوں، لیکن اس پر ماہرانہ پیشہ ورانہ مشورے، جو آپ کی صورتحال کے مطابق دیے جاتے ہیں، کے متبادل کے طور پر انحصار نہیں کرنا چاہیے۔ قانون سے اجازت یافتہ حد تک، میک ملن (Macmillan) اس اشاعت یا اس میں شامل یا محولہ تیسرے فریق کی ویب سائٹس پر موجود کسی بھی معلومات کے استعمال کے حوالے سے کوئی ذمہ داری قبول نہیں کرتی ہے۔

© Macmillan Cancer Support 2025، انگلینڈ اینڈ ویلز (261017)، اسکاٹ لینڈ (SC039907) اور دی آئل آف مین (604) میں رجسٹرڈ چیریٹی۔ شمالی آئرلینڈ میں بھی کام کر رہی ہے۔ ضمانت کے تحت ایک لمیٹڈ کمپنی، برطانیہ اور ویلز میں رجسٹر شدہ کمپنی نمبر 2400969. آئل آف مین کمپنی نمبر 4694F. رجسٹرڈ آفس: The Forge, 105 Sumner Street, London, SE1 9HZ. VAT نمبر: 668265007

Trusted Information Creator
Patient Information Forum

LGBTQIA+ people and cancer: English

This information is for LGBTQIA+ people who have cancer.

LGBTQIA+ means lesbian, gay, bisexual, transgender, queer, intersex and asexual people. It also includes other romantic or sexual attractions and gender identities.

If you are LGBTQIA+, you may have questions about cancer and your cancer treatment. You may want specific support that is for LGBTQIA+ people who have cancer.

If you have any questions about this information, ask your cancer team at the hospital where you are having treatment.

You can also call Macmillan Cancer Support on freephone **0808 808 00 00**, 7 days a week, 8am to 8pm. We have interpreters, so you can speak to us in your own language. When you call us, please tell us in English which language you need.

There is more cancer information in this language and other languages on our website. Visit **macmillan.org.uk/translations**

This information is about:

- Talking to your healthcare team
- Getting fair treatment
- Cancer, sex and fertility
- Cancer if you are transgender, non-binary or intersex
- LGBTQIA+, cancer and your community
- Getting the right care and support for you
- How Macmillan can help you
- More information in your language
- References and thanks

Talking to your healthcare team

Your healthcare team are the people who give you treatment or advice about your health. This could be your GP, cancer doctor and nurses.

Sometimes a person in your healthcare team may ask you about:

- your gender – this means if you are a man, a woman, or any other gender identity
- your sex or reproductive body parts
- your sex life or sexual orientation
- your relationships and who is important to you.

This information can help your healthcare team support you. It helps them:

- give you the right health information
- treat you in a way that is personal for you
- support the people who are important to you.

If you are not sure why your healthcare team need this information, you can ask them. They can tell you why this may be important to support or treat you.

Can I tell my healthcare team I am LGBTQIA+?

If you want your healthcare team to know, you can tell them you are LGBTQIA+, even if they have not asked.

You may choose to do this when you first meet someone from your team. Or you may decide to wait until you find someone you feel comfortable with.

Some healthcare professionals wear an NHS Pride Rainbow Badge. This means the person wearing it supports LGBTQIA+ people. Some people in your healthcare team may wear other rainbow items instead. They may be LGBTQIA+ or they may want to show they support LGBTQIA+ people.

What else can I tell my healthcare team?

You can tell your healthcare team anything that is important to you. This could include:

- if you have family, friends or a partner who support you
- who you give consent for them to talk to about your care
- what information you do and do not need.

You may want to explain whether you are out or not. This means whether other people know you are LGBTQIA+ or if you keep this secret. Your cancer team should treat all information about you confidentially. They should only share information with other healthcare professionals when it is needed for your care.

Getting fair treatment

Your cancer team should treat you fairly, whoever you are. It is against the law to treat you unfairly because of your ethnicity, culture, sexual orientation, sex or if you are transgender. Or because of religion or if you have a disability.

If you feel like you are being treated unfairly, there are things you can do:

- Talk to someone from your cancer team, if you feel safe to do this. This may help your team make things right. It also helps them learn and give better care.
- Talk to someone you trust. This may be someone close to you or a healthcare professional you know well. There are also organisations that LGBTQIA+ people can talk to for support.
- Give feedback or make a complaint to the NHS. You can give feedback and make a complaint without giving your name if you want to.

Cancer, sex and fertility

Cancer and some cancer treatments can affect:

- your sex life – some side effects may be more of a problem depending on the type of sex you prefer
- your fertility – this means your ability to get pregnant or make someone pregnant.

Your cancer doctor or nurse can tell you if your cancer treatment may cause sexual side effects or fertility problems. You can ask them any questions about sex or fertility before, during or after cancer treatment.

Cancer care if you are transgender, non-binary or intersex

Your cancer team should offer you care, support and information that meets your needs. They should treat you as an individual and work with you in a way that respects your privacy and dignity.

Your team should always treat information about you confidentially. They may share information with other healthcare professionals, but only when it is needed for your care.

If you need to stay in hospital, your team should ask where you prefer to stay. Where you stay should give you privacy and keep you safe. Tell your team what feels comfortable and right for you.

If you are trans or non-binary
It can be helpful for your cancer team to know the gender you were assigned at birth. Sometimes this can be important. For example, some scans should not be used during pregnancy and can be harmful. If the gender on your NHS record is male and there is a chance you might be pregnant, it is important that the person doing the scan is aware of this to keep you safe.

There are some gender-affirming treatments that may affect cancer treatment. It is important to tell your cancer team if you have had or plan to have any of the following:

- hormone drugs that make your body more male or female
- surgery to make a penis or vagina (genital surgery)
- surgery to remove the breasts. This is called top surgery or male chest reconstruction.

If your cancer team need advice about how your cancer care may affect your gender-affirming care, the **UK Cancer and Transition Service (UCATS)** can help. UCATS is a free service provided by NHS professionals for people anywhere in the UK. Your cancer team should ask your permission before they contact UCATS. You can also contact UCATS yourself.

If you are intersex
Being intersex can make healthcare difficult. You may have had treatments in the past that you did not want. This may affect how you feel about hospitals and doctors now.

It is important that your cancer team understands this. They should work with you to plan your care. They also need to understand your body. If you have had surgery or hormone treatment for an intersex condition in the past, this may affect the cancer care you need now.

You can help your team by telling them:

- what words you use to describe your body
- if there are words or questions you find upsetting
- anything that makes healthcare difficult for you
- how they can make things easier for you.

LGBTQIA+, cancer and your community

Family and community can be an important source of support. But for some LGBTQIA+ people, this may be complicated. How your family or community feels about LGBTQIA+ people or about cancer, can affect how easy it is to ask for help.

People around you may not realise how they are affecting you. For example, some families or communities do not talk about cancer. There is an unspoken idea that cancer is private or should not be talked about. This can make it difficult to talk about what is happening to you or ask for help when you need it.

If you are struggling to get support or you are being treated negatively, try to talk to someone you trust. This could be a friend, partner, someone you work with or an LGBTQIA+ support group. You could speak to a counsellor if this would help. Ask your GP, cancer doctor or nurse if they can arrange this. Or call our free support line on **0808 808 00 00** for information and support.

Getting the right care and support for you

If you have cancer and do not speak English, you may be worried that this will affect your cancer treatment and care. But your healthcare team should offer you care, support and information that meets your needs.

We know that sometimes people may have extra challenges in getting the right support. For example, if you work or have a family you might also have worries about money and transport costs. All of this can be stressful and hard to cope with.

How Macmillan can help you

At Macmillan, we know how a cancer diagnosis can affect everything, and we are here to support you.

Macmillan Support Line

We have interpreters, so you can speak to us in your language. Just tell us, in English, the language you want to use.

Our expert advisers on the Macmillan Support Line can help with medical questions or be there to listen if you need someone to talk to. We can also talk to you about your money worries and recommend other useful organisations that can help. The free, confidential phone line is open 7 days a week, 8am to 8pm. Call us on **0808 808 00 00**.

Macmillan website
Our website has lots of information in English about cancer. There is also more information in other languages at **macmillan.org.uk/translations**

We may also be able to arrange translations just for you. Email **informationproductionteam@macmillan.org.uk** to tell us what you need.

Information centres
Our information and support centres are based in hospitals, libraries and mobile centres. Visit one to get the information you need and speak with someone face to face. Find your nearest centre at **macmillan.org.uk/informationcentres** or call us on **0808 808 00 00**.

Local support groups
At a support group, you can talk to other people affected by cancer. Find out about support groups in your area at **macmillan.org.uk/supportgroups** or call us on **0808 808 00 00**.

Macmillan Online Community
You can also talk to other people affected by cancer online at **macmillan.org.uk/community**

You can access it at any time of day or night. You can share your experiences, ask questions, or just read people's posts.

More information in your language

We have information in your language about these topics:

Signs and symptoms of cancer

- Signs and symptoms cards

If you are diagnosed with cancer

- Cancer care in the UK
- Healthcare for refugees and people seeking asylum
- If you are diagnosed with cancer

Types of cancer

- Bowel cancer
- Breast cancer
- Cervical cancer
- Lung cancer
- Prostate cancer

Treatment for cancer

- Chemotherapy
- Radiotherapy
- Sepsis and cancer
- Side effects of cancer treatment
- Surgery

Living with cancer

- Claiming benefits when you have cancer
- Eating problems and cancer
- Healthy eating
- Help with costs when you have cancer
- LGBTQIA+ people and cancer
- Tiredness (fatigue) and cancer

End of life

- End of life

To see this information, go to **macmillan.org.uk/translations**
For more support to understand information, go to
macmillan.org.uk/understandinginformation

References and thanks

This information has been written and edited by Macmillan Cancer Support's Cancer Information Development team. It has been translated professionally.

The information included is based on our LGBTQIA+ people and cancer content available in English on our website.

This information has been reviewed by relevant experts and approved by members of Macmillan's Centre of Clinical Expertise.

Thanks also to the people affected by cancer who reviewed this information.

All our information is based on the best evidence available. For more information about the sources we use, please contact us at informationproductionteam@macmillan.org.uk

Content reviewed: 2025

Next planned review: 2028

MAC18794_English_E02

We make every effort to ensure that the information we provide is accurate and up-to-date but it should not be relied upon as a substitute for specialist professional advice tailored to your situation. As far as is permitted by law, Macmillan does not accept liability in relation to the use of any information contained in this publication or third-party information or websites included or referred to in it.

© Macmillan Cancer Support 2025, registered charity in England and Wales (261017), Scotland (SC039907) and the Isle of Man (604). Also operating in Northern Ireland. A company limited by guarantee, registered in England and Wales company number 2400969. Isle of Man company number 4694F. Registered office: 3rd Floor, Bronze Building, The Forge, 105 Sumner Street, London, SE1 9HZ. VAT no: 668265007

